اہل اسلام کے غم خوار ، جدید دور کے نئے علمی و استدلالی ، تحریری اور تقریری محاذ پر اس نئے اور ہمہ گیر فتنہ کی عمر کوبی کریں ۔ اور ایک مضبوط بند ھ باندھیں کہ سیلاب کا رخ پھر جائے ۔ الحمد للہ کہ کراچی کے اکابر علما ، مفتی ولی حسن ٹونکی ، مولانا مفتی احمد الرحمن ، مولانا محمد یوسف لدھیانوی ، اور مولانا محمد جمیل خان اور ان کے رفقا نے " اقراء ڈائجسٹ " کے نام سے اس نئے دور کے لئے نئے تحریری انداز میں قرآن و سنت ، فقہ و حدیث ، تاریخ و سیر ، حالات حاضرہ اور مذہب و سیاست پر علمی ، ادبی ، تاریخی اور ہر لحاظ سے دلچسپ معلومات پر مشتمل مضامین لکھ کر اور معروف اہل قلم سے لکھوا کر ہر ماہ " اقراء ڈائجسٹ " کی صورت میں شائع کرنے اور امت تک اس کے پہنچانے کا تہیہ کر رکھا ہے ۔ اس وقت ہمارے سامنے ڈائجسٹ کا نقش اول ہے ۔ جو ہر لحاظ سے معیاری ، دیدہ زیب ، ادبی ، علمی ، تاریخی دلچسپ اور معلوماتی ہے ۔ ارباب ذوق اور علمی و ادبی حلقوں کے علاوہ ناولوں ، افسانوں اور جدید انداز کی تحریروں کے شائقین کے لئے ایک نعم البدل اور نوجوان نسل کے لئے ایک مفید اور مؤثر انقلابی وسیلہ ہے ۔ ادارہ الحق قارئین سے اس کے مطالعہ اور اس کی اشاعت کی پر زور سفارش کرتا ہے ۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ فائدہ اٹھا سکیں ۔

(ع ق ح)

سنیت کا تعارف | از مولانا قاضی مظہر حسین صاحب ۔ صفحات ۳۲ ۔ قیمت درج نہیں ۔

پتہ ۔ دفتر تحریک خدام اہلسنت والجماعت مدنی جامع مسجد چکوال ۔

مدرسہ اظہار الاسلام چکوال کی سالانہ روئیداد کے شروع میں تبلیغ و اشاعت حق کے طور مولانا قاضی مظہر حسین صاحب بانی و امیر تحریک اہلسنت کی ایک گراں قدر تحریر بطور مقدمہ کے شامل ہے اور اب اسے علیحدہ کتابی شکل میں شائع کر دیا گیا ہے ۔ جس میں دین اسلام کے بنیادی عقائد ، صحابہؓ کی عظمت ، خلافت راشدہ ، اہل سنت والجماعت اہل بیت ، مناقب چار یار ، آیت استخلاف ، ایرانی انقلاب ، خمینی نظریات ، تحریک فقہ جعفریہ ، شیعہ کلمہ جیسے اہم عنوانات پر ، آسان ، عام فہم سلیس اور جامع انداز میں لکھا گیا ہے ۔ ہمارے نزدیک اس کا مطالعہ ہر پڑھے لکھے انسان کے لئے بالخصوص سنی مسلمانوں کے لئے از حد ضروری اور بے حد نافع ہے ۔ (ع ق ح)

ضروری مسائل (پشتو) | از مولانا رشید احمد حقانی ۔ صفحات ۴۷ ۔ قیمت ۷ روپے

پتہ ۔ موتمر المصنفین دار العلوم حقانیہ ۔ اکوڑہ خٹک ۔

مولانا رشید احمد دار العلوم کے فاضل اور مدرس ہیں ۔ ساتھ ساتھ اللہ پاک نے تحریر و تصنیف کا ذوق بھی عطا فرمایا ہے — ضروری مسائل موصوف کا تالیفی میدان میں نقش اول ہے جو مستقبل کے لئے نیک فال ہے ۔ اس تالیف میں موصوف نے انسانی زندگی اور ضروریات سے متعلق ہمہ پہلو عنوانات پر دار العلوم حقانیہ کے فتاویٰ اور کتب خانہ سے استفادہ کر کے دینی معلومات و احکام پر مشتمل ایک جامع تالیف فرمائی ہے ۔ پشتو میں ہونے کی وجہ سے اس کا فائدہ محدود ہے تاہم توقع ہے کہ موصوف بہت جلد اسے اردو کے قالب میں ڈھال دیں گے جس سے کتاب کا افادہ عام ہو جائے گا ۔ (ع ق ح)